© rasailojaraid.com


نے فرمایا (لقد ترک ھولاء ابن ام عبد سرج الکوفہ) (مناقب موفق ج2ص13)

جب فقہ یعنی علم قانون جو علوم شریعت کا آخری درجہ ہے کے طلبہ کی تعداد یہ تھی تو ظاہر ہے کہ قرآن وحدیث کے طلبہ کی تعداد تو اس سے کئی گنا زائد ہوگی۔ چنانچہ امام ابوبکر الجصاص رازیؒ نے احکام القرآن میں حجاج کے خلاف عبدالرحمٰن بن الاشعثؒ کی قیادت میں اٹھی ہوئی تحریک کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "اس تحریک میں نکلنے والوں میں قاریوں کی تعداد چار ہزار تھی" (احکام القرآن للجصاص ج1ص71) اور حافظ جلال الدین السیوطیؒ نے تدریب الراوی میں امام ابن سیرینؒ سے جو اکابر تابعین سے ہیں علم حدیث کے طلباء کے بارے میں نقل کیا ہے قدمت الکوفة و بها اربعة آلاف یطلبون الحدیث میں کوفہ آیا تو وہاں علم حدیث کے چار ہزار طلباء تھے۔

طبقات ابن سعد کی ایک پوری جلد میں کوفہ کے علماء کا تذکرہ ہے۔ ان میں صحابہ کرامؓ، تابعینؒ، اتباع تابعینؒ کے علماء کی ایک طویل فہرست ذکر کی گئی ہے اعداد وشمار میں ان کی تعداد ایک ہزار کے لگ بھگ ہے جبکہ اسی کتاب میں دوسرے شہروں کے علماء کا شمار اس کے عشر عشیر بھی نہیں ہے۔ مشہور محدث حاکمؒ نے معرفة علوم الحدیث میں اسلامی شہروں کے نامور محدثین کا تذکرہ کیا ہے مگر تمام شہروں میں یہ شرف صرف کوفہ ہی کو حاصل ہے کہ اس کے علم حدیث کا تذکرہ کتاب کے پورے ساڑھے سات صفحات پر پھیلا ہوا ہے جبکہ دوسرے شہروں میں سے کسی بھی شہر کا تذکرہ اسی کتاب میں ایک صفحہ سے زائد نہیں ہے۔

ارض عراق عالم کفر کا ایک ہدف ہے اور ایک بار پھر بغداد کا سقوط ہو چکا ہے اور اس کے وسائل پر قبضہ کیا جا رہا ہے۔ مسلمانوں کے دلوں میں بغداد کیلئے بہت کچھ ہے۔ قدیم شاعر نے کیا خوب کہا ہے

وفدیٰ لک یا بغداد کل قبیلة من الارض حتی حطتی ودیاری

## سرحد اسمبلی اور شریعت بل کا نفاذ:-

اس وقت جبکہ عالمی قوتیں مسلمانوں کے خلاف متحد ہو چکی ہیں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہر طرف سے سازشیں ہو رہی ہیں گزشتہ دو سالوں سے اسلام کیلئے کام کرنے والوں کو کچلنے کیلئے انسانیت سوز اقدام کئے گئے خود مسلمانوں کی قیادت ان کی آلہ کار بن گئی، مسلمان اضطراب اور بے چینی کے شکار ہو گئے، مسلمانوں کے اندر تیزی سے مایوسی پھیل رہی تھی کہ ایسے میں پاکستان کے اندر انتخابات کا اعلان ہوا۔ سیکولر قوتیں ہر طرف واویلا کرتی رہیں اور اسلام کے خلاف منصوبے بنتے رہے اور یہ کہا جا رہا تھا کہ انتخابات میں قوم اسلامی حلقوں کو مسترد کر کے سیکولر قوتوں کا ساتھ دے گی۔ اسلامی قوتوں کو دہشت گرد، تخریب کار اور چند فیصد **کہا گیا۔** ایسے وقت میں اسلامیان پاکستان اور بالخصوص سرحد کے غیور پٹھانوں نے ایک بار **پھر ثابت** کر دیا کہ اسلام ہی ہمارا واحد نظریہ ہے اور اس کو دل سے لگاتے ہیں اور یہ کہ پشتو اور اسلام لازم وملزوم ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


متحدہ مجلس عمل جو کہ اسلامی جماعتوں کا اتحاد ہے اس پر تو پورے ملک میں اعتماد کا مظاہرہ کیا گیا نیز پٹھان قبیلے نے اسلامی غیرت وحمیت کا ثبوت دیتے ہوئے وہاں سے قومی اور صوبائی اسمبلی کے غالب نشستوں پر علماء اور دینی نمائندوں کو منتخب کیئے۔ جس کے نتیجہ پر صوبہ سرحد میں اسلامی حکومت کا قیام ممکن ہوا اور پہلے ہی مرحلہ میں اسلامی اقدامات کیئے گئے۔

شریعت ایکٹ کو سرحد اسمبلی نے متفقہ طور سے منظور کیا اور حزب اختلاف کے بعض ارکان نے تو یہ بھی کہا کہ ہمیں یہ معلوم نہ ہوسکا کہ کسطرح ہم نے شریعت بل کے حق میں ووٹ استعمال کیا بالآخر یہ تو شریعت کا معجزہ ہے **ان اللہ لیؤید ھذا الدین بالرجل الفاجر** کا مصداق بھی سامنے آیا۔

اب الحمدللہ صوبہ سرحد کے دائرہ کار میں آنے والے قوانین اسلامی بن چکے ہیں۔ حسبہ ایکٹ کے ماتحت حکومتی اور انتظامی ڈھانچے کو سیدھا کیا جارہا ہے۔ ایسے میں متحدہ مجلس عمل کے قائدین اور وزیر اعلی صوبہ سرحد الحاج اکرم خان درانی کے تدبر وفراست کو سلام اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے تھوڑے ہی عرصہ میں وہ کام کیئے جس کیلئے طویل مدت اور زمانے درکار تھے۔

صوبہ سرحد کے عوام مبارکباد کے مستحق ہیں کہ مایوسی کے اس دور میں انہوں نے اسلام کے نشأۃ ثانیہ کا آغاز کردیا۔

پاکستان کے اندر لادین قوتیں اب دم توڑ رہی ہیں، رکاوٹیں زوال پذیر ہیں، پاکستان کا مستقبل اسلام کیلئے ہے۔ متحدہ مجلس عمل کا اعتماد بڑھ رہا ہے اور دو فیصد والے اب پچاس فیصد کو پہنچ چکے ہیں، مستقبل میں نوے فیصد کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

دنیا کی نظریں پاکستان میں اسلام کے مستقبل پر ہیں اور عالم اسلام اس بیداری اور کامیابی کے انتظار میں ہے۔ کھلے دل سے متحدہ مجلس عمل کو قبول کرکے اسلامی قوتوں کو اس اتحاد کی مضبوطی کیلئے میدان میں آنا چاہئے۔

(مولانا) سید نصیب علی شاہ الہاشمی


## اسلام آباد فقہی سیمینار مقالات کی طباعت

علمی وتحقیق کے تشنہ حضرات کو خوشخبری دی جاتی ہے کہ ایبٹ آباد فقہی سیمینار، اسلام آباد فقہی سیمینار کے فقہی مقالات کتابی شکل میں طبع کیئے جارہے ہیں۔ لہذا اپنی کاپی محفوظ کرنے کیلئے ہمیں مطلع فرمادیں۔

برائے رابطہ: دفتر جامعہ المرکز الاسلامی پوسٹ بکس نمبر 33 بنوں صوبہ سرحد

فون نمبر: 310353 -0928 فیکس: 310355

ای میل: almarkazulislami@maktoob.com


© rasailojaraid.com